سوال

(217) مقام ملتزم پر دعا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مقام ملتزم پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس وقت گڑگڑا کر دعا کرنے کا حکم دیا ہے؟ حج یا عمرہ دونوں میں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حجر اسود اور باب کعبہ کے درمیان والی جگہ جسے ملتزم کہتے ہیں اس کے ساتھ چمٹنا اور اس پر اپنا سینہ ہاتھ بازو اور چہرہ رکھنا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے مروی ہے جیسا کہ ابوداؤد کتاب المناسک باب الملتزم ابن ماجہ باب الملتزم وغیرھما میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اس التزام کا کوئی خاص وقت مقرر نہیں یہ پورے موسم حج میں کسی وقت بھی کیا جا سکتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دخول مکہ کے وقت ہی کر لیا کرتے تھے۔ (مناسک الحج والعمرة حاشیہ ص 23)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الحج، صفحہ:271

محدث فتویٰ